askari general insurance company limited

Window Takaful Operations

نافذة التكافل

فتوی برائے تکافل

تکافل عربی کا لفظ ہے جس کے معنیٰ "ایک دوسرے کی ضمانت دینے" یا مشترکہ ضمانت کے ہیں، تکافل سسٹم باہمی تعاون، تبرع اور احسان کے اصولوں پر مبنی ہے، جو شریعت مطہرہ میں پسندیدہ بھی ہے اور اس کو سود، قمار اور غرر جیسے غیر شرعی امور سے الگ بھی کرتی ہے۔ تکافل رسک مینجمنٹ کے لئے انشورنس کا غیر سودی متبادل ہے جس کی بنیاد میثاقِ مدینہ سے لی گئی ہے۔

تکافل کا عام ماڈل اس طرح ہے کہ اس میں شیئرز ہولڈرز کی رقم سے ایک وقف پول وجود میں آتا ہے، شیئرز ہولڈرز یہ شرط لگاتے ہیں کہ اس وقف پول کے فوائد و منافع کے حق دار صرف وہ لوگ ہونگے جو اس میں کنٹربیوشن کرینگے، یعنی کسی حادثے یا نقصان کی صورت میں وقف پول سے حسبِ قواعد ان کے نقصانات کی تلافی کی جائے گی۔

کمپنی اس وقف پول کی مالک نہیں ہوتی بلکہ صرف بطور وکیل اور متولی کہ اس پول کے اموال اور منافع کے حسابات کی نگرانی کرتی ہے۔

عسکری جنرل انشورنس کمپنی کی ونڈو تکافل وقف اور وکالت کی بنیاد پر تکافل کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ وکالت اور وقف کی بنیاد پر تکافل کی سہولت فراہم کرنا جائز ہے، مزید یہ کہ **عسکری تکافل ونڈو** باقاعدہ ایس ای سی پی سے منظور شدہ ادارہ ہے۔ یہاں تکافل کے تمام عقود و معاملات کی شرعی نگرانی باضابطہ طور پر کی جاتی ہے، لہذا جب تک **عسکری تکافل کمپنی** شرعی اصولوں کے مطابق کام کر رہی ہے ان سے تکافل کی پالیسی لینا جائز ہے۔

1: و قال الله تعالى فى مقام أ خر: وتعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الإثم والعدوان واتقوا الله إن الله شديد العقاب۔ (سورة المائده ايت 02)

2: و فى السنن الكبرى(ص 240 ج 7):عن أبي هريرة عن النبي - صلى الله عليه وسلم - قال من ستر أخاه المسلم في الدنيا ستره الله في الدنيا والأخرة ومن نفس عن أخيه كربة من كرب الدنيا نفس الله عنه كربة من كرب يوم القيامة والله في عون العبد ما كان العبد في عون أخيه .

3: (الهداية ٣۔١٥ ط دار احياء التراث العربى)

حبس العين على حكم ملك الله تعالى فيزول ملك الواقف عنه إلى الله تعالى على وجه تعود منفعته إلى العباد فيلزم ولا يباع ولا يوهب ولا يورث.

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

مفتی احسان وقار احمد

شریعہ ایڈوازر

Head Office: 3rd Floor, AWT Plaza, The Mall, Rawalpindi, Pakistan. Tel: 9272425-7 Fax: 9272424
E-mail: agicoho@agico.com.pk, www.agico.com.pk